## سوال

(375) طلاق خلع کے بعد تجدید نکاح؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہندہ کے خلع کیا۔ اس سے طلاق بائن واقع ہوئی۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ شوہر اگر دوبارہ اس عورت کو لینا چاہے۔ اور عورت راضی ہو۔ توعدت کے اندر یا بعد العدۃ تجدید نکاح کے بعد لے سکتا ہے۔ یا نہیں؟ زید کہتا ہے۔ کہ اس صورت میں بی بی حرام ہوگئی۔ تجدید نکاح سے بھی نہیں لے سکتا۔ اور بکر کہتا ہے۔ کہ تجدید نکاح کے بعد بی بی کو دوبارہ لینا جائز ہے۔ ان دونوں میں کون حق پر ہے۔ جواب مدلل ہونا چاہیے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

طلاق خلع کے بعد فریقین کی رضامندی سے نکاح جدید کرکے آباد ہوسکتی ہے۔ کیونکہ نکاح ثانی کی ممانعت مغلظہ بطلاق ثلاثہ کی صورت میں ہے۔۔ حَتَّىٰ تَنكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ ۲۳۰ سورة البقرة (قرآن) طلاق بائن میں اسی خاوند سے طلاق ممنوع نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص352

محدث فتویٰ